22922 ـ روزے کی حالت میں سرمہ اور مہندی اور میک اپ کی دوسری اشیاء استعمال کرنے کا حکم

سوال

عورتوں کا رمضان میں دن کو روزے کی حالت میں سرمہ اور خوبصورتی کی دوسری اشیاء استعمال کرنے کا کیا حکم ہے ؟
اور کیا یہ چیزیں روزہ توڑ دیتی ہیں یا کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

علماء کے صحیح قول کے مطابق مطلقا سرمہ عورت اور مرد کا روزہ نہیں توڑتا لیکن روزہ دار کے لئے افضل یہ ہے وہ اسے رات کو استعمال کرے ۔

اور ایسے ہی جس سے چہرے کو خوبصورت کرنے والی چیزیں مثلا صابون تیل جن کا تعلق صرف ظاہری جلد کے ساتھ ہوتا ہے اور اسی طرح مہندی اور میک اپ وغیرہ (روزے کو کوئی نقصان نہیں دیتیں) لیکن یہ ہے کہ میک اپ کا استعمال اگر چہرہ کو نقصان دے تو استعمال کرنا ضروری نہیں ۔.